© rasailojaraid.com



پروفیسر خالد شبیر احمد
سیکرٹری جنرل مجلس احرار اسلام

# فطرتِ احرار

کرتے ہیں ہم جو صاحبِ کردار کرتے ہیں
باطل پہ ہر طرف سے ہم یلغار کرتے ہیں

ہم ہیں نقیب، ختم نبوت کے دوستو!
عشقِ رسول پاک کا پرچار کرتے ہیں

حق گو ہیں، حق پرست ہیں اور حق کے پاسدار
حق بات کا اظہار، سردارِ کرتے ہیں

ہم سرپھرے سے لوگ ہیں اک جذبِ آشنا
اشکوں کے نرم لہجے میں گفتار کرتے ہیں

اپنی ادائیں صدق و یقیں سے ہیں مستنیر
جرم وفا کا برملا اقرار کرتے ہیں

مرزائیوں کے واسطے برقِ تپاں ہیں ہم
اپنوں پہ جان تک بھی ہم نثار کرتے ہیں

نسبت ہماری وادیٔ کشمیر سے بھی ہے
یاد اب بھی اُس کے کوچہ و بازار کرتے ہیں

عظمت کا سنگ میل ہے اپنا قدم قدم
عزم جواں سے دشت، لالہ زار کرتے ہیں

میر شریعت رح اپنے ہیں سالارِ اوّلیں
یادوں سے جن کی جاں کو ضیا بار کرتے ہیں

بوذر رح کی نسبتوں پہ ہمیں فخر و ناز ہے
محسن رح کے حوصلوں پہ انحصار کرتے ہیں

عطاء المہیمن آج اپنے میر کارواں
اُن کے جنوں سے خود کو طرحدار کرتے ہیں

حق گو حسینی قافلے کے سرخوش ہیں
باطل کے آگے جھکنے سے انکار کرتے ہیں

قرآں ہے ایک ہاتھ میں، شمشیر ایک میں
یوں پیرویٔ دیں کو ہم شعار کرتے ہیں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اُن کو کہاں ہے فطرتِ احرار کی خبر
بے فائدہ جو ہم کو گرفتار کرتے ہیں

بس موجزن ہے دل میں شہادت کی آرزو
ہم سرفروش' ایسا کاروبار کرتے ہیں

اللہ حکمران ہو اس سرزمین پر
باطل کی حکمرانی سے انکار کرتے ہیں

احرار کی سرشت ہے مومن کی آن بان
ہم پاسبانِ دیں ہیں' اقرار کرتے ہیں

اپنے لبوں پہ نعرۂ توحید سے سجا
ذکرِ نبی سے قلب کو سرشار کرتے ہیں

احرار کی یلغار کے' اغیار معترف
عشق وجنوں کا ہر گھڑی پرچار کرتے ہیں

ہے دل جلوں کی ایک ہی پہچان آج بھی
صدق وصفا کی عظمتوں سے پیار کرتے ہیں

تاریخ کے اوراق پہ لکھا ہوا ہے یہ
کیا کر سکے گا کوئی جو احرار کرتے ہیں

خالدؔ حضور پاک کی الفت سے ہر گھڑی
اُمت کو گہری نیند سے بیدار کرتے ہیں

☆☆☆


## ماھانہ مجلس ذکر و اصلاحی بیان

☆ دارِ بنی ہاشم، مہربان کالونی، ملتان ☆ 29 اپریل 2004ء بروز جمعرات، بعد نماز مغرب

ابن امیر شریعت حضرت پیر جی **سید عطاء المہیمن بخاری** دامت برکاتہم

(امیر مجلس احرار اسلام پاکستان)

الداعی: سید محمد کفیل بخاری ناظم جامعہ معمورہ، دارِ بنی ہاشم، مہربان کالونی، ملتان فون: 061-511961


© rasailojaraid.com